# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

3

Date: 03 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۳؍جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ بنیادی سہولیات کے سبھی منصوبوں کیلئے ریاستی حکومت کا ایک منفرد شناختی آئی ڈی بنانے کا فیصلہ۔

☆ سنتوش دیشمکھ قتل مقدمے کی پیروی کیلئے بطورِ سرکاری وکیل اجول نکم کی تقرری کیلئے حکومت مثبت ۔

☆ جموں وکشمیر سے دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد مثبت نتائج سامنے آئے ہیں۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کا دعویٰ۔

☆ اسکولی نصاب میں مناسب تبدیلیاں کر کے معاشرے میں تعلیمی ذوق پیدا کرنے کی بزرگ نقاد ڈاکٹر سدھیر رساڑ کی اپیل۔

اور۔۔۔☆ آسٹریلیا کے خلاف سڈنی ٹیسٹ میں روہت شرما کو آرام، جسپریت بمراہ ٹیم کی قیادت کریں گے۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ریاستی حکومت نے سبھی بنیادی سہولیات کے منصوبوں کیلئے ایک منفرد ID بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ کل، وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی سربراہی میں ہوئے ریاستی مجلسِ وزرا کے اجلاس میں اس فیصلے کی توثیق کی گئی۔ کابینہ نے ریاست کے تمام سماجی ترقیاتی کارپوریشنوں کو ایک آئی ٹی پلیٹ فارم پر لانے اور منترالیہ تک آنے والی شکایات کو ضلعی سطح پر حل کرنے کیلئے ایک خصوصی نظام بنانے کا بھی فیصلہ کیا۔ اجلاس کے بعد صحافیوں سے بات کرتے ہوئے وزیرِ اعلیٰ نے ان فیصلوں کی جانکاری دی۔ وزیرِ اعلیٰ نے بتایا کہ عام لوگوں کیلئے بھی ایک منفرد ID بنانے کا فیصلہ حکومت نے لیا ہے۔ جس سے فلاحی منصوبوں پر نظر رکھنے میں مدد حاصل ہوگی، ساتھ ہی مختلف محکمہ جات میں باہمی تال میل رکھنے میں بھی آسانی ہوگی۔ وزیرِ اعلیٰ پھڑنویس نے کہا کہ حکومت مختلف سماجوں کے کارپوریشنز کا ایک پلیٹ فارم بنا رہی ہے اور ان پلیٹ فارمز کو مربوط کر کے ان کے افسران کو ایک جگہ لایا جائے گا، تاکہ منترالیہ میں موصول ہونے والی 70 فیصد شکایات کو ضلعی سطح پر ہی حل کیا جاسکے۔

ریاستی کابینہ نے 1966 کے مہاراشٹر محصول قانون کی دفعہ 220 میں ترمیم کو بھی منظوری دی۔ اس ترمیم کے باعث سرکاری بقایہ جات کی مد میں حکومتی تصرف میں موجود تقریباً چار ہزار 849 ایکڑ زمین کسانوں کو واپس کردی جائے گی۔

اس اجلاس میں کابینہ کے کام کاج کو ای۔آفس کی طرز پر ای کابینہ کی شکل دینے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے وضاحت کی ہے کہ مساّ جوگ کے سرپنچ سنتوش دیشمکھ قتل معاملے کی پیروی کیلئے قانون داں اجول نکم کو سرکاری وکیل مقرر کرنے کیلئے حکومت مثبت ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کل صحافیوں کو بتایا کہ اس سلسلے میں ان کی نکم کے ساتھ بات چیت ہوئی ہے اور اُجول نکم نے اس معاملے کو سمجھنے کیلئے وقت طلب کیا ہے اور اگر نکم اس معاملے کی پیروی کیلئے حامی بھرتے ہیں تو حکومت سرکاری وکیل کے طور پر ضرور ان کا تقرر کرے گی۔

***** ***** *****

دریں اثنا' قانون ساز کونسل میں قائدِ حزب اختلاف امباداس دانوے نے دیشمکھ کے قتل کا مقدمہ بیڑ ضلع سے باہر چلانے کا مطالبہ کیا ہے۔کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اس مقدمے کو کیج اور بیڑ کو چھوڑ کر دیگر کسی مقام پر چلانے[3] پر زور دیا۔ دانوے نے صحافیوں کو بتایا کہ دورانِ تفتیش پولس نے مزید ایک موبائل فون ضبط کیا ہے اور اس موبائل فون میں کیا کیا ہے؟ کس کس کے فون آئے ہیں؟ کونسی سی ڈی آر ریکارڈ ہیں؟ یہ پولس نے اب تک ظاہر نہیں کیا ہے اور ان کی رائے ہے کہ ان تمام رازوں پر سے پردہ اٹھایا جانا چاہیے۔

دریں اثنا، اغذیہ و شہری رسد کے وزیر دھننجے منڈے نے کہا ہے کہ اس پورے معاملے پر ان کی وزارت کی وجہ سے کوئی اثر نہیں پڑے گا۔انھوں نے اس مقدمے کو فاسٹ ٹریک کورٹ میں چلا کر تمام ملزمان کو پھانسی کی سزا دینے کا مطالبہ بھی کیا۔منڈے نے پولس انتظامیہ اور سی آئی ڈی کی تفتیش پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے سنتوش دیشمکھ کے قتل میں ملوث ملزمین کو فاسٹ ٹریک کورٹ میں لانے اور فرار ملزمین کیخلاف فوری چارج شیٹ داخل کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔انھوں نے کہا کہ اس معاملے کی تفتیش عدالت سے بھی کی جائے گی' لہٰذا ان کے وزیر رہنے کی وجہ سے معاملے کی تفتیش متاثر نہیں ہوگی۔

دریں اثنا، سنتوش دیشمکھ قتل معاملے کیلئے قائم کردہ خصوصی تحقیقاتی دستے۔ایس آئی ٹی اور سی آئی ڈی اہلکاروں نے بیڑ ضلع میں تحقیقات شروع کر دی ہے۔تحقیقاتی دستوں نے کل دو میٹنگیں کرنے کے علاوہ بیڑ، کیج، اور مساجوگ کا دورہ کیا اور متعلقہ افراد سے پوچھ گچھ کی۔

***** ***** *****

تعلیمِ نسواں کی علمبردار ساوتری بائی پھلے کے یوم پیدائش پر آج ان کی خدمات کو ہر طرف یاد کیا جا رہا ہے۔اس موقع پر مختلف سماجی تنظیموں اور تعلیمی اداروں کی جانب سے مختلف تقاریب کا انعقاد بھی کیا گیا ہے۔

اس سلسلے میں کل سے پونے میں پہلے بین الاقوامی پھلے فیسٹیول کا آغاز ہوا۔جس میں ملک بھر سے 600 شاعر، ادیب، دانشور اور فنکار شریک ہوئے ہیں۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔**

***** ***** *****

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں دفعہ 370 سے دہشت گردی کو فروغ مل رہا تھا۔وہ گزشتہ روز دہلی میں ''جموں کشمیر اینڈ لداخ تھرو دا ایجز'' نامی کتاب کے اجرا کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد کشمیر میں پتھراؤ کے واقعات رک جانے کی طرف انھوں نے توجہ مبذول کروائی۔انہوں نے کہا...

***'' دھارا 370 سماپت ہونے کے بعد آتنک وادی گھٹناؤں میں 70% سے زیادہ کمی ہوئی ہے۔وہ یہ سِدّھ کرتا ہے کہ دھارا 370 آتنک واد کی پوشک تھی۔ 2021 میں 2100 گھٹنائیں پتھراؤ کی ہوئی تھیں' جبکہ 2024 میں ایک بھی گھٹنا پتھراؤ کی نہیں ہوئی ہے۔''***

***** ***** *****

قومی کھیل اعزاز کا کل اعلان کیا گیا۔جس میں شطرنج کھلاڑی ڈی گوکیش، قومی ہاکی ٹیم کے کپتان ہرمن پریت سنگھ، پیرا ایتھلیٹ پروین کمار اور نشانے باز منو بھاکر کو میجر دھیان چند کھیل رتن ایوارڈ کیلئے منتخب کیا گیا۔کولہاپور کے نشانے باز سوپنیل کساڑے اور سانگلی کے پیرا ایتھلیٹ سچن کھلّاری سمیت 32 کھلاڑیوں کو ارجن ایوارڈ کا اعلان کیا گیا۔

نشانے بازی کے تربیت کار دیپالی دیشپانڈے سمیت تین لوگوں کو درونا چاریہ ایوارڈ دینے کا اعلان کیا گیا ہے، جبکہ معذور تیراک پدم شری مرلی کانت پیٹکر اور ایتھلیٹ سُوچا سنگھ کو لائف ٹائم اچیومنٹ ارجن ایوارڈ کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔آئندہ 17 جنوری کو صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کے ہاتھوں یہ ایوارڈ تفویض کیے جائیں گے۔ نائب وزیر اعلیٰ اور مہاراشٹر اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر اجیت پوار نے ایوارڈ کیلئے منتخب ہونے والے تمام افراد کو مبارکباد دی ہے۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ روایتی زراعت کو جدید تکنیک سے مربوط کرنے کی ضرورت ہے۔ وہ کل اہلیا نگر ضلعے کے راہتا تعلقے کے بابھڑیشور زرعی سائنسی مرکز میں کسانوں سے مخاطب تھے۔ اس علاقے میں مختلف زرعی نمائشوں کا افتتاح چوہان کے ہاتھوں عمل میں آیا۔

***** ***** *****

اسکولی نصاب میں ضروری تبدیلی کر کے تعلیمی ذوق سے پُر معاشرے کی تشکیل کی جائے۔ اسطرح کی اپیل بزرگ نقاد ڈاکٹر سدھیر رَساڑ نے کی ہے۔ آکاشوانی کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں انھوں نے طلبہ میں ادبی ذوق پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اگر بچوں کو چھوٹی عمر سے ہی پڑھنے کی عادت ڈالی جائے، ہم ایک باذوق اور تعلیم یافتہ معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں۔ تاہم مراٹھی نظامِ تعلیم پر تعلیمی ذوق کے فقدان پر انھوں نے افسوس کا اظہار کیا۔ انھوں نے ثانوی جماعتوں سے نصابِ تعلیم میں تبدیلی کر کے طلبہ میں کم عمری سے ہی تعلیمی ذوق بڑھانے کا مشورہ بھی دیا۔

محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ کے سبکدوش ڈپٹی ڈائریکٹر رادھا کرشن مُڑی کی جانب سے ڈاکٹر رَساڑ کا لیا گیا انٹرویو آج اور کل آکاشوانی سے صبح ساڑھے گیارہ بجے نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

بارڈر۔ گاوسکر ٹیسٹ سیریز کا چوتھا اور آخری مقابلہ آج سے آسٹریلیا کے سڈنی میں شروع ہوا۔ بھارتی ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بلّے بازی کرنے کا فیصلہ کیا اور آخری خبر ملنے تک چار وکٹ کے نقصان پر 81 رنز بنائے ہیں۔ اس مقابلے کیلئے کپتان روہت شرما کو آرام دیا گیا ہے اور ان کی جگہ تیز گیند باز جسپریت بمراہ ٹیم کی قیادت کر رہے ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے ساوتری بائی پھلے بہبودِ خواتین ادارہ کے سالانہ سماجی ایوارڈس کا کل اعلان کیا گیا۔ جلگاؤں ضلعے کے چوپڑا کے مانو سیوا تیرتھ سنستھا کے نریندر پاٹل کو ڈاکٹر رَکھما بائی راؤت سیوا ایوارڈ' جبکہ بیڑ ضلع کی سنت میرا بائی آئی صاحب سنستھا کی سربراہ رادھا تائی سانپ کو ڈاکٹر بھیم راؤ گستی بیداری ایوارڈ دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میں کل چار تاریخ کو یہ ایوارڈ دیئے جائیں گے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں اہلیا دیوی ہولکر علمی و ادبی اجلاس کا آج اختتام ہوگا۔ اہلیا دیوی ہولکر کے 300 ویں یومِ پیدائش کے موقعے پر محکمۂ ثقافتی اُمور کی جانب سے منعقدہ اس علمی و ادبی اجلاس کا کل اَمرجیت راجے بارگڑ کے ہاتھوں افتتاح ہوا تھا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ بنیادی سہولیات کے سبھی منصوبوں کیلئے ریاستی حکومت کا ایک منفرد شناختی آئی ڈی بنانے کا فیصلہ۔

☆ سنتوش دیشمکھ قتل مقدمے کی پیروی کیلئے بطورِ سرکاری وکیل اجول نکم کی تقرری کیلئے حکومت مثبت۔

☆ جموں و کشمیر سے دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد مثبت نتائج سامنے آئے ہیں۔ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ کا دعویٰ۔

☆ اسکولی نصاب میں مناسب تبدیلیاں کر کے معاشرے میں تعلیمی ذوق پیدا کرنے کی بزرگ نقاد ڈاکٹر سدھیر رساڑ کی اپیل۔

اور۔۔۔☆ آسٹریلیا کے خلاف سڈنی ٹیسٹ میں روہت شرما کو آرام، جسپریت بمراہ ٹیم کی قیادت کریں گے۔

***** ***** *****